سوال

(666)80یا90سالہ خاتون کااپنے غیر محرم سے پردہ کیسا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

وہ بوڑھی عورت جو80یا90سال کی عمر میں ہے،اس کےلیےاپنے غیر محرم قریبی رشتہ داروں سے پردہ کرنا جائز ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے :

وَالقَوٰعِدُ مِنَ النِّساءِ الّٰتى لا يَرجونَ نِكاحًا فَلَيسَ عَلَيهِنَّ جُناحٌ أَن يَضَعنَ ثِيابَهُنَّ غَيرَ مُتَبَرِّ‌جـٰتٍ بِزينَةٍ ۖ وَأَن يَستَعفِفنَ خَيرٌ‌ لَهُنَّ ۗ وَاللَّهُ سَميعٌ عَليمٌ ﴿٦٠﴾... سورةالنور

"بڑی بوڑھی عورتیں جنہیں نکاح کی امید (اور خواہش ہی) نہ رہی ہو وه اگر اپنے کپڑے اتار رکھیں تو ان پر کوئی گناه نہیں بشرطیکہ وه اپنا بناؤ سنگھار ظاہر کرنے والیاں نہ ہوں، تاہم اگر ان سے بھی احتیاط رکھیں تو ان کے لئے بہت افضل ہے، اور اللہ تعالیٰ سنتا جانتا ہے"

قواعد سے مرادوہ بوڑھی عورتیں ہیں جو نکاح کی رغبت نہیں رکھتیں اور خوبصورتی کو ظاہر نہیں کرتیں تو ان کے اپنے غیر محرم رشتہ داروں سے بے پردہ ہونے میں کوئی گناہ نہ ہوگا، البتہ زیادہ محتاط اور بہتر ان کا پردہ کرنا ہی اللہ سبحانہ کے فرمان کی وجہ سے :

وَأَن يَستَعفِفنَ خَيرٌ‌ لَهُنَّ ... ﴿٦٠﴾... سورةالنور

اور اس لیے بھی کہ بعض بوڑھی عورتوں کی خوبصورتی کی وجہ سے فتنے کا امکان موجود ہے اگرچہ وہ بوڑھی زینت ظاہر کرنے والی نہ ہو لیکن اگر زیب وزینت ظاہر کرنے والی ہو تو پردہ چھوڑنا جائز نہیں۔ زیب وزینت کے اظہار میں چہرے کو سُرمے وغیرہ سے اچھا نمایاں کرنا بھی شامل ہے۔ (سماحۃ الشیخ عبداللہ بن باز رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کےلیے صرف

محدث فتویٰ